**08.10.2024**
**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں کلیم احمد

**Music**

☆ ہریانہ اور جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ اب تک 9 نتیجوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ ہریانہ میں BJP کو ایک سیٹ ملی ہے، جبکہ جموں وکشمیر میں اُس نے 5 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔نیشنل کانفرنس نے جموں وکشمیر میں 3 سیٹیں جیتی ہیں۔
☆ اب تک کے رجحانات کے مطابق ہریانہ میں بھارتیہ جنتا پارٹی آگے چل رہی ہے، جبکہ جموں وکشمیر میں نیشنل کانفرنس-کانگریس اتحاد کو سبقت حاصل ہے۔
☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دِلی میں قومی فلم ایوارڈس عطا کریں گی۔ سرکردہ اداکار متھن چکرورتی کو داداصاحب پھالکے ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے گا۔
☆ آج بھارتی فضائی فوج کا یومِ تاسیس منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی فضائیہ کی پیشہ وارانہ صلاحیت اور ملک کے دفاع میں اُس کا رول انتہائی قابل تحسین ہے۔
☆ اور خواتین کے ٹی ٹوینٹی کرکٹ میں آج شام شارجہ میں گروپ-A کے میچ میں آسٹریلیا کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**Counting**

ہریانہ اور جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ انتخابی کمیشن نے اِس کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔کمیشن نے اپنی ویب سائٹ www.eci.gov.in. کے ذریعے چناؤ کے نتیجے اور رجحانات دستیاب کرانے کیلئے ایک مضبوط اور محفوظ نظام قائم کیا ہے۔

جموں وکشمیر میں 873 امیدواروں کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ ہوگا۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ووٹوں کی گنتی کے 28 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

جموں وکشمیر میں اب تک 8 نتیجوں کا اعلان کیا گیا ہے۔

بی جے پی نے 5 سیٹیں جیتی ہیں اور 24 سیٹوں پر اُس کے امیدوار آگے چل رہے ہیں۔

جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کو 3 سیٹیں ملی ہیں اور 39 سیٹوں پر اُسے سبقت حاصل ہے۔

کانگریس کے امیدوار **6** سیٹوں پر آگے چل رہے ہیں۔

بی جے پی امیدوار درشن کمار نے **Basholi** سیٹ جیت لی ہے، جبکہ پارٹی کے لیڈر رنبیر سنگھ پٹھانیا نے اودھم پور ایسٹ سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے۔

نیشنل کانفرنس کے امیدوار تنویر صادق سری نگر ضلع کے **Zadibal** حلقے سے چناؤ جیت گئے ہیں۔ اُدھر حضرت بل حلقے سے سلمان ساگر کو فاتح قرار دیا گیا ہے۔ وہ نیشنل کانفرنس کے سرکردہ رہنما علی محمد ساگر کے صاحبزادے ہیں، وہ بھی خانیار حلقے میں سبقت لئے ہوئے ہیں۔

کانگریس کے پیرزادہ محمد سعید اننت ناگ سیٹ سے چناؤ جیت گئے ہیں۔

نیشنل کانفرنس کے نذیر احمد خان نے گریز حلقے میں ایک ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے جیت حاصل کی ہے۔

سابق وزیراعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمر عبداللہ بڈگام اور گاندربل دونوں سیٹوں پر سبقت لئے ہوئے ہیں۔

اننت ناگ ویسٹ سیٹ پر نیشنل کانفرنس کے عبدالمجید بھٹ آگے چل رہے ہیں، جبکہ ہندواڑہ میں جموں وکشمیر پیپلز کانفرنس کے سجاد غنی لون کو سبقت حاصل ہے۔

اُدھر کانگریس کے سرکردہ لیڈر غلام محمد میر کو **Dooru** سیٹ پر سبقت حاصل ہے۔

اننت ناگ ضلع کی **Srigufwara -Bijbehara** سیٹ پر نیشنل کانفرنس کے بشیر احمد ویری، **PDP** کی سربراہ محبوبہ مفتی کی بیٹی التجا مفتی سے آگے چل رہے ہیں۔

ہریانہ میں ووٹوں کی گنتی **22** ضلعوں میں **90** مراکز پر جاری ہے۔ آج کے نتیجوں سے ایک ہزار **31** امیدواروں کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ ہوگا۔ اب تک **2** نتیجوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ بی جے پی نے ایک سیٹ جیتی ہے اور **49** سیٹوں پر اُسے سبقت حاصل ہے۔

کانگریس نے ایک سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے اور **34** سیٹوں پر اُسے سبقت حاصل ہے۔

انڈین نیشنل لوک دَل کو ایک سیٹ پر سبقت حاصل ہے۔

بی جے پی کے امیدوار کرشن لال **Midha** نے **Jind** اسمبلی سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے۔

انڈین نیشنل کانگریس کے امیدوار آفتاب احمد نے **Nuh** سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے۔

**BJP** کے لیڈر اور وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی **Ladwa** سیٹ پر آگے چل رہے ہیں۔

کانگریس کے لیڈر اور سابق وزیراعلیٰ بھوپیندر سنگھ ہڈا روہتک میں گڑھی سانپلا سیٹ پر سبقت لئے ہوئے ہیں۔

اِدھر خاتون پہلوان اور کانگریس کی امیدوار ونیش پھوگاٹ **Julana** حلقے میں سبقت لئے ہوئے ہیں۔

ابھی ابھی خبر ملی ہے کہ جموں وکشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمر عبداللہ بڈگام سیٹ سے چناؤ جیت گئے ہیں اور گاندربل سیٹ پر بھی انہیں سبقت حاصل ہے۔×

**Joshi Energy**

نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ بھارت کا مقصد **2030** تک جہاز تیار کرنے والے سرکردہ **10** ملکوں اور **2047** تک سرکردہ پانچ ملکوں میں شامل ہونا ہے۔ کل جرمنی میں پائیداری سے متعلق **Hamburg** کانفرنس میں کلیدی خطبہ دیتے ہوئے وزیر موصوف نے قابل تجدید توانائی اور آلودگی سے پاک جہاز رانی کے عمل میں بھارت کی پیش رفت کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ **2014** کے بعد سے بھارت نے **175** فیصد سے زیادہ کے اضافے کا مشاہدہ کیا ہے۔ **2014** میں بھارت کی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت **75** گیگاواٹ تھی، جو اب

بڑھ کر 208 گیگاواٹ ہوگئی ہے۔
جناب جوشی نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ 100 سے زیادہ ملکوں کے حمایت یافتہ بین الاقوامی شمسی اتحاد سے شمسی توانائی کے ذریعے آب و ہوا کی تبدیلی سے نمٹنے کی عالمی کوششوں میں بھارت کے قائدانہ رول کی عکاسی ہوتی ہے۔x

**National Film Award**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں سال 2022 کیلئے 70ویں قومی فلم ایوارڈس عطا کریں گی۔
اِس موقع پر آزمودہ کار اداکار متھُن چکرورتی کو دادا صاحب پھالکے ایوارڈ سے نوازا جائے گا، جو سینما کے شعبے میں اعلیٰ ترین ایوارڈ ہے۔
ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ فلمسازی، کہانی بیان کرنے اور اداکاری میں مہارت کے لیے مختلف زمروں کے تحت سال 2022 کے لیے 70 ویں فلم ایوارڈس عطا کیے جائیں گے۔ بہترین اداکار کا ایوارڈ Rishab Shetty کو کنڑ فلم Kantara میں اُن کی شاندار اداکاری کیلئے دیا جائے گا، جبکہ بہترین اداکارہ کا ایوارڈ تمل فلم Thiru-chitram-balam کیلئے Nithya Menen کو اور گجراتی فلم کچھ ایکسپریس کیلئے Manasi Parekh کو دیا جائے گا۔
سینما سے متعلق بہترین کتاب کا ایوارڈ کشور کمار کو دیا جائے گا۔
بہترین فیچر فلم کا ایوارڈ ملیالم فلم Aattam کو ، جبکہ بہترین غیر فیچر فلم کا ایوارڈ Ayena کو دیا جائے گا۔
موسیقی کے زمرے میں Arijit Singh کو بہترین مرد گلوکار کا ایوارڈ ، جبکہ Bombay Jayashri کو بہترین خاتون گلوکارہ کا ایوارڈ دیا جائے گا۔
KGF-2 ، Brahmastra اور Aparajito سمیت متعدد اہم فلموں کا بھی اعتراف اُن کے گرانقدر تعاون کیلئے کیا جائے گا۔ x

**PM Air Forece**

وزیراعظم نریندر مودی نے فضائیہ کے یومِ تاسیس کے موقع پر بھارتی فضائی فوج کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ فضائیہ کو اُس کی دلیری اور پیشہ وارانہ صلاحیت، نیز ملک کے دفاع میں اُس کے رول کیلئے سراہا جاتا ہے، جو انتہائی قابل تحسین ہے۔ وزیراعظم نے ایک ویڈیو بھی شیئر کیا ہے، جس میں بھارتی فضائی فوج کی کامیابی کو اُجاگر کیا گیا ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ 21ویں صدی میں یہ کس طرح سب سے طاقتور فورسز میں سے ایک فورس بنی۔x

**Indian Air Force Day**

بھارتی فضائیہ کا 92 واں یومِ تاسیس آج چنئی کے نزدیک Tambaram ایئر فورس اسٹیشن پر پہلی مرتبہ منایا گیا۔
اس موقع پر دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے قومی پرچم لہرایا۔ فضائیہ کے سربراہ اے پی سنگھ نے پریڈ کا معائنہ کیا اور اس سال فضائیہ کی یونٹس کو غیر معمولی کارکردگی کیلئے توصیف نامے اور ایوارڈس عطا کئے۔ x

**CBDT Income Tax**

براہ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ **CBDT** نے آمدنی ٹیکس قانون **1961** کے جامع جائزے کی خاطر ایک داخلی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ وزارت خزانہ نے کہاہے کہ اِس کمیٹی کا مقصد قانون کو جامع، شفاف اور سمجھنے کیلئے آسان بنانا ہے تاکہ تنازعات اور مقدمات کو کم کیا جاسکے اور ٹیکس دہندگان کو زیادہ ٹیکس کو یقینی بنایا جاسکے۔ وزارت نے انکم ٹیکس **E-filing** پورٹل پر تجاویز بھی طلب کی ہیں۔ یہ تجاویز چار زمروں کے تحت مانگی گئی ہیں، جن میں زبان کو آسان بنانا، مقدمات کو کم کرنا، سختی میں کمی اور فاضل اور فرسودہ ضابطے شامل ہیں۔ **x**

**PM Navratri**

وزیر اعظم نریندر مودی نے نوراتری کے چھٹے دن دیوی **Katyayani** کی پوجا کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ دیوی **Katyayani** اپنے آشیرواد سے تمام عقیدتمندوں کی زندگی کو ہمت، طاقت اور حوصلے سے بھردے۔**x**

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور گوا میں کل تک کہیں کہیں تیز بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔

اِدھر بھارتی موسمیات محکمے نے بتایا ہے کہ گجرات، مدھیہ پردیش اور مہاراشٹر کے بقیہ حصوں سے بھی جنوب مغربی مانسون کے اگلے دو تین دن میں واپس جانے کا امکان ہے۔×

**UN Video Message**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل **Antonio Guterres** نے غزہ کی لڑائی کو ایک سال مکمل ہونے کے تناظر میں اپنے پیغام میں مغربی ایشیا میں قیامِ امن کی اپیل کی ہے۔ ایک ویڈیو پیغام میں جناب **Guterres** نے کہا کہ یہ دن عالمی برادری کیلئے لوگوں کو یرغمال بنائے جانے سمیت حماس کی نفرت انگیز حرکتوں کی سخت الفاظ میں پھر سے مذمت کرنے کا دن ہے۔

اقوام متحدہ کے سربراہ نے سبھی متاثرہ لوگوں اور اُن کے عزیز و اقارب کے ساتھ یگانگت کا اظہار کیا اور یرغمال بنائے گئے سبھی افراد کو فوری طور سے غیرمشروط طور پر چھوڑے جانے کا مطالبہ کیا۔ جناب **Guterres** نے زور دے کر کہا کہ یہ وقت یرغمال بنائے گئے افراد کو چھوڑے جانے اور امن کی بحالی کا ہے۔×

**ICC Women Cricket**

خواتین کے آئی سی سی ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج متحدہ عرب امارات کے شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں گروپ اے کے میچ میں آسٹریلیا کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ دونوں ہی ٹیمیں ٹورنامنٹ میں اپنے اپنے افتتاحی میچ جیت چکی ہیں لہٰذا وہ اِس سلسلے کو جاری رکھنا چاہیں گی۔

اِس سے قبل کل شارجہ میں انگلینڈ نے جنوبی افریقہ کو 7 وکٹ سے ہرایا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں محض 124 رن ہی بناپائی، جس کے جواب میں انگلینڈ نے پانچ گیند پہلے ہی جیت کا نشانہ آسانی سے حاصل کرلیا۔ x

**India - Bangladesh T20**

مردوں کی کرکٹ میں تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں کل نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ تین میچوں کی سیریز میں سوریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم کو ایک - صفر کی سبقت حاصل ہے۔ کل کا میچ بنگلہ دیش کیلئے نہایت اہم ہوگا۔ اتوار کو کھیلے گئے سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے کراری شکست دی تھی۔ بھارتی گیندباز **Arshdeep Singh** اور وَرون چکرورتی شاندار فارم میں ہیں۔ انہوں نے پہلے میچ میں بنگلہ دیش کے تین تین وکٹ حاصل کئے تھے۔ x

**Sudan RSF Strike**

سوڈان میں بے گھر افراد کے ایک کیمپ پر نیم فوجی **Rapid Support Forces** کے توپخانے کے حملے میں کم از کم 7 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 59 زخمی ہوئے۔ سوڈان کے **North Darfur** کی وزارتِ صحت کے ڈائریکٹر جنرل کے مطابق **Abu Shouk** نام کے اِس کیمپ پر دو دن حملہ کیا گیا۔ اتوار کو دو افراد کی موت ہوئی، جبکہ کل پانچ لوگ مارے گئے۔ ایک غیر سرکاری تنظیم ''سوڈان ڈاکٹرس نیٹ ورک'' نے سویلین علاقوں پر گولہ باری کی مذمت کی ہے۔

سوڈان میں 15 اپریل 2023 سے سوڈان کی مسلح افواج اور **Rapid Support Forces** کے درمیان لڑائی ہوتی رہی ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق تشدد میں اندازاً 20 ہزار افراد کی جان جاچکی ہے اور لاکھوں لوگ بے گھر ہوئے ہیں۔x

**Sensex**

شیئر بازار میں آج **Sensex** اور نفٹی میں دوپہر کے وقت اچھال دیکھا جارہا ہے۔ اب سے کچھ دیر پہلے بامبے اسٹاک ایکسچینج کا سینسیکس 366 پوائنٹس یا صفر اعشاریہ چار فیصد اضافے کے ساتھ 81 ہزار 416 پر پہنچا، جبکہ نفٹی-50 ، 131 پوائنٹس یا صفر اعشاریہ پانچ فیصد کے اضافے کے ساتھ 24 ہزار 927 پر پہنچا۔ x

**Arctic Open 2024**

بیڈمنٹن میں آج فن لینڈ کے **Vantaa** میں **Arctic Open 2024** کا آغاز ہورہا ہے۔ یہ چھ روزہ ٹورنامنٹ اِس ماہ کی 13 تاریخ تک جاری رہے گا۔ بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین پیرس اولمپکس کے بعد سے پہلی مرتبہ اپنے کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے نظر آئیں گے۔ کدامبی شری کانت بھی اِس ٹورنامنٹ کیلئے 12 رکنی بھارتی ٹیم میں شامل ہیں۔ x